اولادِ علي پياسي هيں دريا کے کِنار

اولادِ علي پياسي هيں دريا کے کِنار
بے چين هيں فردوس ميں کوثر کے بھي ڈھارے
اولادِ علي پياسي هيں دريا کے کِنار

اے دريا تيرے پاس کيا پاني کي کمي تھي
کيا خوف سے موجے تيرے ساحل پہ تھمي تھي
پياسے هي رهے شاه کے مَعصُوم دولارے

عبّاس نے پاني تيرا کيا مُنھ سے لگايا
کيا پاني تيرا پياري سکينه کو پلايا
کيا شان کٹا کر گِرے حيدر کے دولارے

بابا سے نہ اکبر کے وہ پاني کے گِلے تھے
رتبے کے طلبگار تھے وہ پياسے تو نهيں تھے
شبّير کو معلوم تھے اکبر کے اِشارے

اے دریا تیرے سامنے اکبر رہے پیاسے
اور نیزہ جگر پہ لگا ھم شکل نبي کے
اور خونِ پیمبر کے وہ بہنے لگے دھارے

اے دریا بتا اصغرِ مَعصُوم جب آیا
کیا تیر سے پہلے اُنھے پاني بھي پلایا
کیا پیاسے ھي شبّیر کے ھاتھو پہ سِدھارے

جب لاشائے بے شیر تھا اور تنہا تھے مولیٰ
کوفے کو نظر جاتي تھي یا سوئے مدینہ
اے نانا اے بابا سُنو شبّیر پُکارے

اے دریا ذبح ھونے سے پہلے شَہِ دیں نے
تب شمر سے فرمایا تھا پاني تو پلادے
کیا خُشك گلے کے لیئے تڑپہ تیرے دھارے

سجدے میں جو خنجر چلا وہ شمر کا بوڑھا
سُکھا ھي گلا کٹ گیا بہتا رہا دریا
پیاسے ھي فِداء ھو گئے اللہ کے پیارے

چاهے تو رواں زم زم و تسنیم کرے جو
امّة کي شفاعة مگر پیاري تهي اُنهي کو
سر دیکے گُناهو کو بخشا گئے سارے

دریائے فصاحة هے یہ بُرهانِ هُدا شهِ
اِس طرح سے سیراب یہ کرتے هے بیاں سے
آنکهوں میں سماتے هیں وه کربل کے نظارے

اپنے تو جهاں میں هوئے یہ زم زم وکوثر
بُرهانِ هُدا کي ولاء اور ماتمِ سرور
کهتے هے جمالي یهیں محشر کے سهارے

*****